دارالعلوم دیوبند و ناظم جمعیۃ علمار ہند کی ہے جو چار جلدوں میں مطبوعہ شکل میں موجود ہے — یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے اور حافظ نذر احمد صاحب جیسے متحرک اور مسلسل کام کے عادی بزرگ نے اسے اختصار و جامعیت کے ساتھ مرتب کیا ہے تاکہ مصروف حضرات آسانی سے واقف ہوسکیں۔ ملک کے فاضل علمار اور دانشوروں کی ایک بڑی جماعت نے اس مسودہ کو دیکھ کر اپنی گراں قدر آرار سے نوازا جس کے بعد کتاب کا معنوی حسن بڑھ گیا۔ ساتھ ہی موصوف نے تاریخی طور پر ان انبیار کے عہد کو متعین کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ بعض قیمتی شجرے اور نقشہ جات شامل کئے ہیں تاکہ ایک قاری ان حضرات کے باہمی نسبی تعلق اور ان کے دعوتی مراکز سے واقف ہوسکے۔ خط و کتابت کورس کے ذریعہ موصوف کے عظیم علمی و تعلیمی کام سے ایک دنیا مستفید ہو رہی ہے اور یہ کتاب دراصل اسی حصہ کا پانچواں کورس ہے جس پر ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اپنے قارئین سمیت ہر باشعور شہری سے اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں تاکہ معلوم ہوسکے کہ اللہ تعالیٰ کے ان منتخب بندوں نے اس کے دین کے لئے کس طرح جنگ و دو کی اور اپنی زندگیاں اس راہ میں لگائیں۔

---

## تذکرہ ائمہ اربعہ تالیف : مولانا اسلام الحق اسعدی

ملنے کا پتہ : مکتبہ اسحاقیہ جونا مارکیٹ کراچی ۲ قیمت ۲۷ روپے

حضرت الامام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد ابن حنبل قدس سرہم دینی و علمی دنیا کے وہ گل سرسبد ہیں جن کی مہک سدابہار اور جن کے امت پر احسانات بے حد و حساب ہیں۔ ان مخصوص بندگان رب نے اپنی زندگیوں کا آرام تج کر فقہ و قانون کے دائرہ میں جو خدمات سرانجام دی ہیں۔ اس کا اعتراف ہر شریف النفس مسلمان نے کیا۔ حتیٰ کہ بیگانوں نے ان کے حضور خراج عقیدت پیش کیا۔ قرآن و سنت کے چشمہ ہائے صافی کے قانونی حصص کی تعبیر و ترجمانی اور انکی روشنی میں فقہ و اسلامک لار کی تدوین میں انہوں نے زندگیاں کھپا کر آنے والوں کے لئے آسانیاں پیدا کردیں۔ ان حضرات کے تعارف و تذکرہ پر مختلف زبانوں میں کافی مقدار میں لٹریچر موجود ہے۔ خود اردو میں اس موضوع پر کافی سرمایہ ہے۔ لیکن اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ ایک ذمہ دار اور سلجھے ہوئے اہل قلم نے چاروں حضرات کا تذکرہ اس طرح مرتب کردیا ہے کہ ایک قاری ایک ہی نظر میں ان عظیم المرتبت شخصیات سے واقف ہوسکتا ہے۔ انہوں نے اس خطہ کی عظیم سنی اکثریت کے محسن و فقیہ حضرت الامام ابوحنیفہ قدس سرہ کے تین بڑے شاگردوں یعنی امام ابویوسف، امام محمد اور

© rasailojaraid.com